رہبر معظم کی بعض قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور بخشش سے موافقت - 9 /Feb/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے انقلاب اسلامی کی کامیابی کی 33ویں برسی اورختمی مرتبت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ولادت با سعادت کی مناسبت سےعام عدالتوں اور فوجی و انقلابی عدالتوں سے سزا پانے والے761 قیدیوں کی سزاؤں میں کمی اور بخشش کی درخواست سے موافقت کی ہے۔

عدلیہ کے سربراہ آیت اللہ لاریجانی نے انقلاب اسلامی کی کامیابی کی برسی اور پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفی (ص) کی ولادت با سعادت کی مناسبت سے رہبر معظم انقلاب اسلامی کے نام اپنے خط میں تحریر کیا کہ متعلقہ کمیشن نے761 افراد کی سزاؤں میں کمی اور بخشش کے شرائطتشخیص دیئے ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کئے جاتے ہیں۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے سربراہ کی اس درخواست کو منظور کرلیا۔